## جماعت اسلامی کے سابق امیر میاں طفیل محمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔25، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جماعت اسلامی کے سابق امیر میاں طفیل محمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین، جماعت اسلامی کے رہنماؤں اور کارکنوں سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ''کراچی ڈیولپمنٹ ٹرسٹ'' کے قیام پر سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو رابطہ کمیٹی کا زبردست خراج تحسین و مبارکباد

## شہر کی تعمیر و ترقی کیلئے قائد تحریک کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے ٹرسٹ میں ہر ماہ رابطہ کمیٹی کے اراکین اپنی بساط کے مطابق رقم جمع کروائینگے

کراچی۔۔۔25، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال کی جانب سے ''کراچی ڈیولپمنٹ ٹرسٹ'' کے قیام کا زبردست خیر مقدم کیا ہے اور سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال کو ان اقدام پر زبردست خراج تحسین و مبارکباد پیش کرتے ہوئے ''کراچی ڈیولپمنٹ ٹرسٹ'' میں ہر ماہ اپنی بساط کے مطابق معقول رقم جمع کروانے کا اعلان کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حق پرست قیادت بلاتفریق رنگ و نسل بے لوث خدمت پر یقین رکھتی ہے اور اسی فلسفے پر عمل پیرا ہو کر شہر کراچی اور شہریوں کی خدمت کر رہی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حق پرست قیادت بالخصوص سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال شہر کی تعمیر و ترقی، شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کے حل کیلئے جس محنت و لگن اور جستجو سے کام کر رہے ہیں وہ قابل ستائش ہے اور کوئی بھی ذی شعور شہری حق پرست قیادت کے ان مثبت اقدامات سے انکار نہیں کرسکتا۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سٹی ناظم کی جانب سے ''کراچی ڈیولپمنٹ ٹرسٹ'' کا قیام شہر کی تعمیر و ترقی میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا جو کراچی سٹی گورنمنٹ کو نہ صرف اپنے پیروں پر کھڑا کر دیگا اور فنڈز کی عدم فراہمی کے باعث شہر کی ترقی کی راہ میں آنیوالی رکاوٹوں کو بھی یکسر ختم کر دیگا۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ یہ ایک ایسا انوکھا اور قابل تعریف قدم ہے جو جس کی مثال تاریخ میں نہیں ملتی۔ رابطہ کمیٹی مزید کہا کہ سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت نے اپنے چار سالہ مدت میں جو بڑے بڑے کارنامے انجام دیئے ہیں وہ ناقابل فراموش ہیں اور کوئی بھی ذی شعور شہری اس حقیقت سے انکار نہیں کرسکتا۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال اور ان کی سٹی گورنمنٹ کی ٹیم کی انتھک محنت اور لگن نے آج شہر کو نہ صرف دنیا کے بڑے ترقی یافتہ شہروں کی صف میں کھڑا کر دیا ہے بلکہ حق پرست قیادت کے اقدامات سے شہریوں کے مسائل میں بڑی حد تک کمی واقع ہوئی۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے نہ صرف حق پرست کارکنان و عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ''کراچی ڈیولپمنٹ ٹرسٹ'' اپنی بساط کے مطابق ہر ماہ رقم جمع کرائیں بلکہ انہوں نے خود بھی ہر ماہ 10 ہزار روپے جمع کروانے کا اعلان کیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت کے مطابق رابطہ کمیٹی کے تمام اراکین نے بھی ''کراچی ڈیولپمنٹ ٹرسٹ'' میں ہر ماہ رقم جمع کروانے کیلئے فارم پُر کر دیئے ہیں اور وہ ہر ماہ اپنی بساط کے مطابق اس ٹرسٹ میں رقم جمع کروائیں گے۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے تمام کارکنان و حق پرست عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ کراچی کی تعمیر و ترقی اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے ''کراچی ڈیولپمنٹ ٹرسٹ'' میں اپنی بساط کے مطابق باقاعدگی رقم جمع کروائیں۔

## لاہور میں سری لنکا کی مہمان کرکٹ ٹیم پر حملے پر ملوث دہشت گردوں کو جماعت اسلامی کے ہیڈ کوارٹر منصورہ سے اسلحہ اور مدد و تعاون کی فراہمی کھلی ملک دشمنی ہے، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی

کراچی۔۔۔25، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ونگ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی ملک و قوم کی تقدیر کے ساتھ کھیل رہی ہے اور اسے عدم استحکام کا شکار کرنے کیلئے نام نہاد طالبانی شریعت کے زیر سایہ اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کا نام نہاد اسلامی اور جہادی کردار اب کھل کر عوام کے سامنے آچکا ہے اور ملک بھر کے عوام سمجھ چکے ہیں جماعت اسلامی ہی وہ جماعت ہے جو ملک میں القاعدہ، طالبان اور کالعدم جہادی تنظیموں کو دہشت گردی کیلئے مدد و تعاون فراہم کرتی رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور میں سری لنکا کی مہمان کرکٹ ٹیم پر حملے پر ملوث دہشت گردوں کو جماعت اسلامی کے ہیڈ کوارٹر منصورہ سے اسلحہ اور مدد و تعاون کی فراہمی کھلی ملک دشمنی

ہےاوراس ملک دشمنی کے کردار پر جماعت اسلامی کی جانب سے جو واویلا مچایا جار ہا ہے وہ بھی ملک دشمنی پر مبنی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک کے استحکام اور سلامیت سے کھیلنے والوں کیخلاف آئین وقانون کے مطابق کارروائی کرنا ہی عوام کی خواہشات اور امنگوں کی تکمیل ہے۔انہوں نے کہا کہ پاک فوج ملک کے استحکام کیلئے سوات اور قبائلی علاقوں میں آپریشن کررہی ہے،اپنی جانوں کی قربانیاں دے رہی ہے لیکن جماعت اسلامی اس کے برعکس نہ صرف اس آپریشن کی مخالفت کررہی ہے بلکہ القاعدہ،طالبان اور جہادی تنظیموں کے نیٹ ورک کو مدد وتعاون فراہم کررہی ہے جس سے جماعت اسلامی کے ملک دشمن کردار کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ طالبانی شریعت کو ملک بھر کے عوام مسترد کر چکے ہیں اور اب جماعت اسلامی اس شریعت کیلئے نفاذ کیلئے بھی ایڑی چوٹی کا زور لگا رہی ہے اور اس سلسلے میں ملک میں دہشت گردی کی کارروائی انجام دے رہی ہے اور دہشت گردوں کو اسلحہ اور مدد وتعاون فراہم کررہی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ طالبانی شریعت کو ملک بھر کے عوام مسترد کر چکے ہیں اور اب جماعت اسلامی کی منافقانہ سیاست میں کوئی نہیں آئے گا کیونکہ اس کا اصل چہرہ بے نقاب ہو چکا ہے۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔25،جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر یوسی 5 کے کارکن کماشاہ کے والد جمیل احمد شاہ،ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 87 کے کارکن جواد قریشی کے والد بابوالدین قریشی،ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یوسی A-3 کھارادر کے کارکن محمد نعیم کے والد قطیب الدین اور ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر یوسی 2 کے کارکن راعنا محمد سلیم کی والدہ خاتون بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

## ابراہیم حیدری الیاس گوٹھ اورکورنگی ٹاؤن کے سندھی،میانوالی،برمی،چترالی،پنجابی اورسرائیکیوں بزرگوں اورنوجوانوں کی ایم کیوایم میں شمولیت

کراچی۔۔۔25،جون 2009ء

ابراہیم حیدری الیاس گوٹھ اورکورنگی ٹاؤن کے سندھی،میانوالی،برمی برداری،چترالی پنجابی اورسرائیکی برادری کے بزرگوں اورنوجوانوں نے ایم کیوایم کی عملی جدوجہد اور قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفہ سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے کراچی مضافاتی کمیٹی کی جانب سے رابطہ مہم کے سلسلے میں کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر واراکین کی جانب سے ابراہیم حیدری اورکورنگی کے دورے کے موقع پر ملاقات میں کیا۔اس موقع پر انہوں نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی قیادت پر مکمل اعتماد کیا اور کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ،قائد الطاف حسین کی قیادت میں جس مثالی نظم وضبط سے شاندار کامیابیاں حاصل کررہی ہے،اس ملک کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کیلئے جدوجہد کررہی ہے ہم بھی متحدہ کے پلیٹ فام اور بانی وقائد الطاف حسین کی قیادت میں اس استحصالی ظالمانہ نظام کے خاتمے کیلئے جدوجہد کریں اور عملی طور پر اس میں شامل ہوجائیں۔انہوں نے کہا کہ بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن کے باعث آج پاکستان کی بقاء اور سلامتی اور استحکام کو خطرات درپیش ہیں۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین وہ واحد لیڈر ہیں جنہوں نے نہ صرف سب سے پہلے ان خطرات کو محسوس کرتے ہوئے طالبانائزیشن کیخلاف آواز بلند کی بلکہ ان کی روک تھام کیلئے عوام میں شعور پیدا کیا۔انہوں نے کہا کہ صرف الطاف حسین کی قیادت میں ملک سے دہشت گردی اور وڈیرہ شاہی سمیت استحصالی ٹولہ سے چھٹکارہ حاصل کیا جاسکتا ہے اور متحدہ ہی کی جدوجہد کے نتیجے میں غریبوں اور مظلوموں کا راج قائم ہوسکتا ہے،اب وقت آگیا ہے کہ پاکستان کی بقاء اور سلامتی کیلئے ہم سیاسی مفادات سے بالاتر ہوکر پاکستان کو بچانے کی جدوجہد کریں اور الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کریں۔اس موقع پر کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج واراکین نے شمولیت اختیار کرنیوالے بزرگوں اورنوجوانوں کے جذبات کو سراہا اور انہیں اپنی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت پر خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔

## تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی بن قاسم ٹاؤن سیکٹر کے سابق سیکٹرممبر شعیب صدیقی کی بنیادی رکنیت سے خارج
## گلشن اقبال ٹاؤن یوسی 13 بھٹائی آباد کے کارکن اللہ بخش عمرانی غیر معینہ مدت کیلئے تنظیمی رکنیت سے معطل

کراچی۔۔۔25، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی بن قاسم سیکٹر کے سابق سیکٹرممبر شعیب صدیقی ولد قمرالدین صدیقی کو فوری طور پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے جبکہ گلشن اقبال ٹاؤن یوسی 13 بھٹائی آباد کے کارکن اللہ بخش عمرانی ولد میر ہزار خان عمرانی کو غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم کی رکنیت سے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ تنظیمی نظم وضبط پر سختی سے عمل کریں اور خارج اور معطل کارکنان سے کسی بھی قسم کا ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

## ایم کیوایم بلاتفریق رنگ ونسل خدمت پر یقین رکھتی ہے، لیبر ڈویژن
## لانڈھی ٹاؤن کی تنظیم نو کے موقع پر جنرل ورکرز اجلاس سے سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کا خطاب

کراچی۔۔۔25، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ لانڈھی ٹاؤن یونٹ لیبر ڈویژن کے کارکنان کا جنرل ورکرز اجلاس لانڈھی ٹاؤن میں منعقد ہوا جس میں یونٹ کے تنظیم نو کی گئی اور منتخب انچارج ودیگر ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کیا گیا۔اجلاس میں لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج مظاہر حسین اور اراکین سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی تحسیم الحق اور محمد اسرائیل نے شرکت کی اور تنظیم نو کا اعلان کیا اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی آصف حسنین بھی موجود تھے۔جنرل ورکرز اجلاس میں لانڈھی ٹاؤن سے تعلق رکھنے والے کارکنان، ہمدردوں اور ملازمین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مظاہر حسین نے کہا کہ ایم کیوایم بلاتفریق رنگ ونسل خدمت پر یقین رکھتی ہے، قائد تحریک الطاف حسین کا پیغام حق پرستی امن وسلامتی کا پیغام ہے جو ملک کے گوشے گوشے میں تیزی سے پھیل رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے خلاف ہر دور میں سازشوں کا سلسلہ جاری رہا ہے اور آج بھی طالبانائزیشن کی سازش کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم سازشوں کا مقابلہ کرنا جانتی ہے اور ماضی میں بھی ان سازشوں کو ناکام بناچکی ہے۔انہوں نے تمام محنت کشوں پر زور دیا کہ وہ طالبانائزیشن کی سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے متحد ہوجائیں۔آخر میں انہوں نے لانڈھی ٹاؤن کی تنظیم نو کی اور منتخب انچارج واراکین کو اپنی جانب سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ محنت کشوں کے مسائل کے حل کیلئے بلاتفریق رنگ ونسل کام کریں اور قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کو آگے بڑھائیں گے۔

## پاکستان پریس فوٹوگرافرز ٹرسٹ کے سالانہ انتخابات میں بلامقابلہ کامیاب پینل کو رابطہ کمیٹی کی مبارکباد

کراچی۔۔۔25، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پاکستان ایسوسی ایشن آف پریس فوٹوگرافرز کے سالانہ انتخابات 2010-2009 میں بلامقابلہ کامیاب ہونیوالے پینل کے صدر اطہر خان، نائب صدر اکرام مہدی، سیکریٹری حامد حسین، جوائنٹ سیکریٹر محمد جمیل اور خازن عباس مہدی سمیت گورننگ باڈی کے تمام نومنتخب عہدیداران جنید احمد، عارف حسین، جاوید جے جا، فرید خان اور عمانوئیل سیموائیل کو ان کی بلامقابلہ کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی ہے اور کہا کہ نومنتخب عہدیداران بلاتفریق رنگ ونسل، زبان اور مذہب اپنے شعبہ سے وابسطہ فوٹوگرافروں کے مسائل کے حل کیلئے کام کرینگے۔رابطہ کمیٹی نے ایک پھر پاکستان پریس فوٹوگرافرز ٹرسٹ کے انتخابات میں بلامقابلہ کامیابی حاصل کرنیوالے پینل کے صدر اطہر خان سمیت تمام نومنتخب عہدیداران اور پاکستان پریس فوٹوگرافرز ٹرسٹ میں ممبران ٹرسٹی حیدر عباس جعفری، سعید خان، آفتاب بیگ، ریاض شاہد، رضا حیدر اور محمد احمد کو دوسال کیلئے بلامقابلہ ٹرسٹی منتخب ہونے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی اور ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

# پاکستان پریس فوٹوگرافرز ٹرسٹ کے سالانہ انتخابات میں بلامقابلہ کامیاب پینل کو رابطہ کمیٹی کی مبارکباد

کراچی ۔۔۔25، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پاکستان ایسوسی ایشن آف پریس فوٹوگرافرز کے سالانہ انتخابات 2009-2010 میں بلامقابلہ کامیاب ہونیوالے پینل کے صدر اطہر خان، نائب صدر اکرام مہدی، سیکریٹری حامد حسین، جوائنٹ سیکریٹری محمد جمیل اور خازن عباس مہدی سمیت گورننگ باڈی کے تمام نومنتخب عہدیداران جنید احمد، عارف حسین، جاوید جے جا، فرید خان اور عمانویل سیموائیل کو ان کی بلامقابلہ کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی ہے اور کہا کہ نومنتخب عہدیداران بلاتفریق رنگ ونسل، زبان اور مذہب اپنے شعبہ سے وابستہ فوٹوگرافروں کے مسائل کے حل کیلئے کام کرینگے۔ رابطہ کمیٹی نے ایک پھر پاکستان پریس فوٹوگرافرز ٹرسٹ کے انتخابات میں بلامقابلہ کامیابی حاصل کرنیوالے پینل کے صدر اطہر خان سمیت تمام نومنتخب عہدیداران اور پاکستان پریس فوٹوگرافرز ٹرسٹ میں ممبران ٹرسٹی حیدر عباس جعفری، سعید خان، آفتاب بیگ، ریاض شاہد، رضا حیدر اور محمد احمد کو دو سال کیلئے بلامقابلہ ٹرسٹی منتخب ہونے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی اور ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

☆☆☆☆☆